مطبوعات

تاویل الاحادیث | تالیف حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ۔ شاہ ولی اللہ اکاڈمی۔ حیدرآباد (سندھ)۔ ضخامت ۱۶۰ صفحات۔ قیمت ۳ روپے۔

یہ کتاب عربی زبان میں ہے اور اس میں حضرت شاہ صاحب نے قصص الانبیاء کے رموز اور ان کی توجیہ پر کلام فرمایا ہے۔ ایک زمانہ میں یہ دہلی سے شائع ہوئی تھی، مگر مدت دراز سے نایاب تھی۔ اب استاذ غلام مصطفیٰ قاسمی صاحب نے تحقیق و تنقیح کے ساتھ مرتب کرکے اسے شاہ ولی اللہ اکاڈمی سے شائع کیا ہے اور شروع میں اس پر ایک مفصل مقدمہ بھی لکھا ہے۔ حضرت شاہ صاحب نے اس کتاب میں حضرت آدم سے لیکر سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم تک تمام انبیاء کے قصوں پر بحث کی ہے اور ان کے غیر معمولی حالات و معجزات کی توجیہات فرمائی ہیں۔ کتاب کس پایہ کی ہے' اس کے لیے جلیل القدر مصنف کا اسم گرامی ہی کافی ہے۔ البتہ بعض مقامات پر ان کی توجیہات دل میں سخت کھٹک پیدا کرتی ہیں، مثلاً صفحہ ۷۳۔۷۴، پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بے باپ پیدا ہونے کی توجیہ۔

موضح القرأت فی السبع المتواترات | تالیف مولانا قاری محمد حبیب اللہ خاں صاحب مدرسہ تجوید القرآن، فاروقی مسجد، میری ویدرٹاور، کراچی ۲ قیمت تین روپیہ۔

اس کتاب میں فاضل مؤلف نے سات متواتر قرأتوں کے مطابق قرآن مجید کا پہلا پارہ اس طرح مرتب کیا ہے کہ جہاں جہاں ان قرأتوں میں اختلافات ہیں ان کو بیان کرتے چلے گئے ہیں۔ آغاز میں اُن قراء سبعہ کے حالات مختصراً تحریر کردیئے ہیں جن سے یہ قرأتیں منقول ہیں۔